سوال

(805) جنات کو پانی کی بوتل میں قید کرنے والے عامل سے علاج کروانا ٹھیک ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک اہل حدیث عامل جادو کے علاج کے سلسلے میں قرآن پڑھ کر جنات کو پانی بھری بوتل میں قید کرتا ہے اور کچھ دنوں کے بعد وہ پانی ضائع کر دیتا ہے ۔ کیا یہ طریقہ درست ہے ؟

ایک اہل حدیث عامل نے پہلے جنات تابع کر رکھے تھے ۔ اب اس کے پاس جنات نہیں ہیں ۔ کیا ایسے عامل سے علاج کروانا ٹھیک ہے ؟ جزاک اللہ خیراً (عثمان بھٹہ) (۱۶ مئی ۲۰۰۸ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جنات کو پانی بھری بوتلوں میں بند کرنے کا دعویٰ کرنا محض مکرو وفریب اور اسوۂ نبوی کے خلاف ہے ۔ ''صحیح بخاری ''کتاب الصلوۃ وغیرہ میں واقعہ معروف ہے کہ آپ کو جنات کے قید کرنے پر قدرت حاصل تھی ۔ لیکن حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا رَبِّ هَبْ لِى مُلْكًا لَّا يَنۢبَغِى لِأَحَدٍ مِّنۢ بَعْدِىٓ (صٓ: ۳۵) کے پیش نظر آپ نے ایسا نہیں کیا ۔ مقام نبوت کا احترام ہم پر بھی واجب ہے ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، متفرقات : صفحہ:553

محدث فتویٰ